اظہار تشکر

آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس سرگودھا میں جامعہ سلفیہ کے اساتذہ کرام اور طلبہ نے طعام کمیٹی کے زیر اہتمام شرکاء کانفرنس کی جس طرح تواضع اور خدمت کی ہے اس پر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے امیر حضرت علامہ پروفیسر ساجد میر صاحب اور ناظم مرکزیہ حضرت علامہ مولانا عبدالعزیز حنیف صاحب نے الگ الگ ٹیلی فون پر اظہار تشکر پیش کیا ہے۔

☆ حضرت الامیر پروفیسر ساجد میر صاحب نے پرنسپل جامعہ جناب یٰسین ظفر کے ساتھ فون پر گفتگو کرتے ہوئے تمام اساتذہ کرام اور طلبہ کا دلی شکریہ ادا کیا۔ بالخصوص انہوں نے شیخ الحدیث مولانا عبدالعزیز علوی اور مولانا حافظ مسعود عالم کا شکریہ ادا کیا۔ جنہوں نے اپنی موجودگی سے طلبہ کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ انہوں نے جامعہ کی حسن کارکردگی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام شرکاء کانفرنس نے جامعہ کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ اکثر لوگوں نے میرے پاس طعام کمیٹی کی کارکردگی کو احسن انتظام کی توصیف کی ہے۔ جامعہ نے جس نظم وضبط کا مظاہرہ کیا اور ہر وقت گرم اور تازہ کھانا پیش کیا وہ لائق تحسین ہے۔ جس سے مرکزی جمعیت کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ اس ازدہام میں جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے جس بلند اخلاق اور حسن سلوک کا مظاہرہ فرمایا اس پر بے حد خوشی ہوئی۔ انہوں نے فرمایا کہ میری ذاتی خواہش تھی کہ خود طعام گاہ میں پہنچ کر اس منظر کو دیکھوں۔ لیکن چوٹ کی وجہ سے چلنا دشوار تھا۔ اس موقعہ پر انہوں نے چیئرمین طعام کمیٹی میاں نعیم الرحمٰن اور انتظامیہ جامعہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔

پرنسپل جامعہ نے بھی اس حسن اعتماد پر حضرت الامیر کا شکریہ ادا کیا اور انہیں یقین دلایا جامعہ کے طلبہ ان کے روحانی فرزند ہیں اور آپ کے حکم کی تعمیل کو سعادت سمجھتے ہیں۔ آئندہ بھی تمام کارکنان خدمت کیلئے وقف ہیں۔

☆ ناظم مرکزیہ حضرت علامہ عبدالعزیز حنیف صاحب نے بھی پرنسپل جامعہ سے فون پر بات کرتے ہوئے جامعہ کے تمام اساتذہ کرام اور طلبہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور فرمایا جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے حسن خلوص محبت اور لگن سے یہ مشکل کام نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دیا ہے۔ اس سے مرکزی جمعیت کا وقار بلند ہوا ہے اور ملک بھر سے آنے والے تمام شرکاء اور حاضرین نہایت مطمئن تھے انہوں نے کہا کہ طلبہ نے جس صبر وتحمل سے یہ فریضہ سرانجام دیا۔ اس سے جامعہ کے بلند معیار تعلیم اور اعلیٰ تربیت کا بخوبی احساس ہوتا ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں فرمایا کہ جامعہ سلفیہ مرکزی جمعیت کا قابل فخر تعلیمی ادارہ ہے۔ جو تعلیم کے ساتھ ساتھ بڑے سے بڑے پروگرام کو سرانجام دینے کی بخوبی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس موقعہ پر انہوں نے طعام کمیٹی کے چیئرمین میاں نعیم الرحمٰن انتظامیہ جامعہ صوفی احمد دین، حاجی بشیر احمد، مولانا محمد یوسف انور کا بھی شکریہ ادا کیا جن کے تعاون اور رہنمائی کے بغیر یہ مرحلہ طے کرنا مشکل تھا۔

پرنسپل جامعہ نے بھی مولانا عبدالعزیز حنیف کے حسن اعتماد اور نیک خواہشات پر شکریہ ادا کیا اور انہیں یقین دلایا کہ جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ آئندہ بھی مرکزی جمعیت کے ساتھ تعاون کرتے رہیں گے۔ انشاء اللہ

☆ ناظم مالیات حاجی عبدالرزاق صاحب نے بھی بذریعہ فون تمام اساتذہ اور طلبہ کا شکریہ ادا کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ کانفرنس کی کامیابی پر پرنسپل جامعہ نے انہیں مبارکباد پیش کی اور اپنے تعاون کا بھرپور یقین دلایا۔